کی پر درد داستان بھی نوجوانوں کے رندانہ قہقہے ۔ بوڑھوں کی سنجیدہ واعظانہ ہدایتیں اور فہمائشیں، حسن وشباب کی گھاتیں عشق والفت کی باتیں ۔ شعر ونغمہ، موسیقی اور ترنم ۔ سیاست اور تعلیم، خاندانی رشتے ناطے ۔ غرض یہ ہے کہ اس کتاب میں سبھی کچھ ہے جس سے صاحب سوانح کے متنوع ذوق اور اس کی پختگی کا پتہ چلتا ہے ۔ اس موقع پر ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اس کتاب کو دیکھکر ہمیں خوشی بھی ہوئی اور ایک افسوس بھی، خوشی اس کی کہ فاضل مصنف نے یہ کتاب لکھکر اردو لٹریچر میں ایک بیحد دلچسپ اور پُر از معلومات کتاب کا اضافہ کیا ہے اور افسوس اس کا کہ سید صاحب زبان و ادب کا اتنا اچھا اور شگفتہ ذوق رکھنے کے باوصف سرکاری عہدہ اور سیاسی جھمیلوں میں الجھکر رہ جانے کے باعث تحریر وتصنیف کے لئے کوئی وقت نہیں نکال سکے جس میں وہ یقیناً بہ نسبت سیاست کے زیادہ اہم اور مفید کام انجام دیتے

گھی شکر اور نئی کہانیاں | از جناب شفیع الدین صاحب نیر ۔ تقطیع خورد طباعت وکتابت بہتر سرورق بہت خوبصورت اور دلپسند ۔ گھی شکر کی ضخامت ۲۰ صفحات اور نئی کہانیاں کی ضخامت ۶۲ صفحات قیمت دونوں کی ۹ ر پتہ :- مکتبہ جامعہ دہلی

جناب نیر صاحب بچوں کی کتابوں کے مقبول اور محبوب مصنف ہیں ۔ آپ کی کتابیں زبان وبیان اور معلومات دونوں کے لحاظ سے دلچسپ بھی ہوتی ہیں اور مفید بھی جنھیں بچے بڑے شوق سے پڑھتے یاد کرتے اور ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ گویا نیر صاحب کی کتابیں بچوں کے لئے کھیل کا کھیل ہیں اور سبق کا سبق ۔ چنانچہ یہ خصوصیات آپ کی زیر تبصرہ ان دونوں کتابوں میں بھی جو متفرق عنوانات پر چند نظموں کا مجموعہ ہیں بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں ۔ پہلی کتاب میں ہر نظم "میں کیا ہوں یہ بتلاؤ تم" کے سوالیہ عنوان سے شروع ہوتی ہے جس میں کسی خاص چیز کی عام خصوصیات اور اس کے اوصاف ولوازم بتاکر اس چیز کا نام دریافت کیا گیا ہے ۔ اس طرح ان نظموں کی حیثیت ایک قسم کی پہیلیوں کی سی ہے جو بچوں کی دماغی استعداد کے مطابق بڑی قابلیت سے مرتب کی گئی ہیں ۔ آخر میں تصاویر کے ذریعہ ان پہیلیوں کا جواب بھی بتادیا گیا ہے ۔

تلخ وشیریں ۔ | از صلاح الدین صاحب قریشی ۔ تقطیع خورد ضخامت دوسو صفحات کتابت وطباعت بہتر